محمدیہ پاکٹ بک

بجواب

احمدیہ پاکٹ بک

مؤلفہ

مولانا محمد عبداللہ معمار امرتسری مرحوم

المکتبۃ السلفیۃ

شیش محل روڈ، لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ۔ احزاب

محمدیہ پاکٹ بک

مؤلفہ

مولانا محمد عبداللہ صاحب معمار مرحوم امرتسری ۱۳۶۹ھ ۱۹۵۰ء

فاضل مرزائیات

ناشر

المکتبۃ السلفیۃ شیش محل روڈ، لاہور ۲

سلسلہ مطبوعات نمبر ۲۴

طابع — حافظ احمد شاکر

مطبع — زاہد بشیر پرنٹرز ۔ لاہور

ناشر — المکتبۃ السلفیۃ لاہور

کل صفحات — ۳۴۵

رمضان المبارک — ۱۴۰۹ھ

اپریل — ۱۹۸۹ء

تذکرہ نہیں۔ جیساکہ مرزائی محرّف دجالوں کی نبوت ثابت کرنے کو کہتے ہیں:۔

۲۔ اس آیت میں عطاءِ نبوت کا ذکر نہ ہونے پر یہ بھی دلیل ہے کہ یہ وعدہ جملہ مومنین سے ہے اور صحابہ کرام سے بڑھ کر اور کون مومن ہو سکتا ہے جن کی تعریف قرآن میں موجود ہے کیا ان کے ساتھ یہ وعدہ پورا ہوا؟ پھر ان کے بعد تابعین، تبع تابعین، ائمہ مجتہدین، فقہائے کرام اور محدثین رحمۃ اللہ علیہم غرض کروڑہا صلحاء، اتقیاء امت محمدیہ میں ہوئے ہیں کیا ان میں سے کوئی بھی خدا اور رسول کا کامل تابعدار نہ تھا؟ اگر تھا اور ضرور تھا تو پھر ان کے ساتھ یہ وعدہ الٰہی کیوں پورا نہ ہوا؟ سوا اس کے اور کیا مطلب ہے کہ اس میں ہرگز ہرگز مقامِ نبوت وغیرہ ملنے نہ ملنے کا کوئی ذکر ہی نہیں:۔

۳۔ اس آیت میں پہلا لفظ مَنْ عورت اور مرد دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جب عورتیں بھی نماز میں اھدنا الصراط المستقیم۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ پڑھتی ہیں تو ان میں سے کوئی نبیہ کیوں نہ ہوئی۔ ان کو کس وجہ سے محروم کر دیا گیا اگر مرزائی کہیں گے کہ پہلے بھی کوئی عورت نبیہ نہیں ہوئی اس لئے اب بھی نہیں ہو سکتی اس کا جواب یہ ہے کہ چونکہ پہلے کبھی کسی نبی کی تابعداری سے کوئی شخص نبی نہیں بنا بلکہ براہ راست بغیر تابعداری کسی نبی کے ہوتے رہے لہٰذا اب بھی کوئی آدمی کسی نبی کی تابعداری سے نبوت حاصل نہیں کر سکتا۔

۴۔ ترمذی میں حدیث ہے کہ اَلتَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الْاَمِیْنُ مَعَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّھَدَآءِ (سچا امانت دار تاجر نبیوں صدیقین اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا) مرزائی طرزِ استدلال سے تاجر بھی نبی ہو سکتا ہے۔ آج تک کتنے لوگ تجارت کی وجہ سے نبوت حاصل کر چکے ہیں؟